اسٹیٹ لائف
انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

# تحفظ

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)

نومبر ۲۰۱۶










- جناب شعیب میر.... اسٹیٹ لائف کے نئے چیئرمین
- اسلام آباد میں پہلی ریجنل چیفس میٹنگ
- اسٹیٹ لائف راولپنڈی زون میں تقریبِ تقسیم انعامات
- کراچی سدرن زون کی گرینڈ ایجنسی میٹنگ اور لکی ڈرا

تحفّظ

# نقطۂ نظر

## فرمانِ الٰہی



خدا کو چھوڑ کر یہ (مشرکین) دعائیں مانگ رہے ہیں، وہ صرف زنانیاں ہیں اور جس کو یہ پکار رہے ہیں وہ اس سرکش شیطان کے سوا کوئی نہیں، جس پر خدا نے پھٹکار ڈال رکھی ہے اور اس نے (خدا سے) یہ کہہ رکھا ہے کہ میں تیرے بندوں سے ایک طے شدہ حصہ لے کر رہوں گا۔"


(سورۃ النساء، 117 تا 118)

## فرمانِ رسول ﷺ



حضرت ابوامامہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے سرورِ کونین کو یہ فرماتے سنا ہے کہ "جو شخص (وضو کرکے) پاک ہوکر اپنے بستر پر لیٹے اور نیند آنے تک ذکرِ الٰہی میں مشغول رہے تو وہ رات میں جب بھی اس حال میں کروٹ بدلے کہ حق تعالیٰ سے دنیا اور آخرت کی بھلائی مانگے تو حق تعالیٰ اسے وہ بھلائی ضرور عطا کرتا ہے۔" (کتاب الاذکار للنووی، بحوالہ مشکوٰۃ جلد اول)

## قائدِ اعظمؒ نے فرمایا



ہم نے پاکستان کا مطالبہ زمین کا ایک ٹکڑا حاصل کرنے کے لیے نہیں کیا بلکہ ہم ایسی جائے پناہ چاہتے تھے جہاں ہم اسلامی اصولوں کے مطابق زندگی بسر کرسکیں۔

(13 اپریل 1948ء، اسلامیہ کالج پشاور)

## فرمودۂ اقبالؒ



ہے مریدوں کو تو حق بات گوارا لیکن
شیخ و ملّا کو بری لگتی ہے درویش کی بات
قوم کے ہاتھ سے جاتا ہے متاعِ کردار
بحث میں آتا ہے جب فلسفہ، ذات و صفات
(ضربِ کلیم)

کسی بھی چیز کی مؤثر اور کامیاب فروخت کے لئے یہ انتہائی ضروری ہے کہ خریدنے والے کو اس چیز کی افادیت بھی مؤثر اور موزوں انداز میں واضح کی جائے ورنہ تمام فوائد اور خوبیاں اسے یوں بتائی جائیں کہ وہ اسے خریدنے پر مجبور ہو جائے لیکن یہ یاد رہے کہ اس سلسلے میں مبالغہ آرائی سے کام نہ لیا جائے۔

ذرا غور کریں، جب ہم ایک گھریلو مشین خریدتے ہیں تو کیا وہ محض لوہے اور تاروں کا مجموعہ ہوتا ہے، نہیں ہم اپنی زندگی میں اس مشین کے ذریعے بہتری لاتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ معاشرے میں بھی اعلیٰ معیارِ زندگی کا احساس پاتے ہیں۔

جب ہم کوئی کپڑا خریدتے ہیں تو وہ محض سوت نہیں خریدتے بلکہ ہم اسے پہن کر خوش پوش نظر آتے ہیں اور عمدہ طرزِ زندگی کا احساس پاتے ہیں۔

جب ہم مکان بناتے ہیں تو وہ محض اینٹوں، بجری اور سیمنٹ کا ڈھانچہ نہیں ہوتا بلکہ اس سے سر چھپانے کے لئے چھت اور آرام و تحفظ حاصل کرنے کے ساتھ عمدہ معیارِ زندگی کا احساس پاتے ہیں۔

بالکل اسی طرح جب ہم بیمہ زندگی فروخت کرتے ہیں تو کیا محض ہم ایک کاغذ کا ٹکڑا بیچتے ہیں، قطعی نہیں بلکہ ہم مستقبل میں پیش آنے والی مالی دشواریوں کا حل بیچتے ہیں۔ ہم خوش حال اور پُرسکون زندگی کے لئے کامیاب منصوبے پیش کرتے ہیں۔

یقین رکھئے! اس میں کوئی مبالغہ آرائی نہیں، ہم درحقیقت معاشرتی فلاح و بہبود کا کام کرتے ہیں۔ ہم یہ اُمید کرتے ہیں کہ فیلڈ فورس خلوصِ دل اور نیک نیتی سے اس مشن کو جاری رکھیں گے۔

ایڈیٹر

ccd.statelife.@yahoo.com


مدیر: سیدغلام شبیر شاہ
(ڈپارٹمنٹل ہیڈ/اے جی ایم)


ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ: ایڈیٹر تحفظ، کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر 5725، کراچی-75530
ٹیلی فون نمبر: 99202819(021)

لے آؤٹ ڈیزائن: اسپیکٹرم کمیونی کیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

# جناب شعیب میر نے اسٹیٹ لائف کے چیئر مین کا چارج سنبھال لیا



اسلام آباد۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن، کیبنٹ سیکریٹریٹ، حکومت پاکستان کے نوٹیفکیشن نمبر پی ایف (422) E-5 (PAS) کے مطابق پی ایس -21 کے سینئر آفیسر ایڈیشنل سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن جناب شعیب میر کو کامرس ڈویژن کے ماتحت ادارے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان میں بحیثیت چیئر مین تعینات کیا گیا ہے۔ اس سے قبل جناب شعیب میر اسٹیٹ لائف میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے منصب پر بھی فائز رہ چکے ہیں۔

قبل ازیں جناب شعیب میر وفاقی اور صوبائی محکموں میں اہم عہدوں پر فائز رہے ہیں۔ وہ وفاقی محکموں میں ایڈیشنل سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن، موسمیاتی تبدیلی، بین الصوبائی رابطہ اور ایڈیشنل سیکریٹری لاء اینڈ ہیومن رائٹس بھی تعینات رہے ہیں۔

جناب شعیب میر گورنمنٹ آف سندھ کے متعدد محکموں میں بطور ایڈیشنل سیکریٹری، کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کے عہدوں پر بھی خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔

جناب شعیب میر گزشتہ 30 سالوں سے وفاقی اور صوبائی محکموں میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

ادارہ تحفظ نئے چیئر مین جناب شعیب میر کو یہ منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ جناب شعیب میر کو اپنی نئی ذمہ داریوں میں استقامت عطا فرمائے۔ (آمین)

آنجہانی دیپک ستیانی کی بیوہ انیتا بائی کو سینیٹر جناب مری رام کشوری لال، جناب چھمن داس پاروانی، سابق ایم پی اے، جناب محمد اقبال گل، ریجنل چیف حیدرآباد، جناب مسعود انور آرائیں، زونل ہیڈ، جناب نند لال اے اندانی، سینئر ایریا منیجر اور جناب واشومل، سیلز منیجر اسٹیٹ لائف کی جانب سے ان کے شوہر کے انتقال پر مبلغ 3,90,00,000 تین کروڑ نوے لاکھ روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں۔



# ریجنل چیفس میٹنگ
# 2016 اسلام آباد

پہلی ریجنل چیفس میٹنگ 2016 اسلام آباد میں منعقد ہوئی جس میں ڈویژنل ہیڈ جناب اظہر حسین، ریجنل چیف نارتھ جناب چوہدری محمد اعجاز، ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد، ریجنل چیف KPK جناب خالد منصور اور ریجنل چیف سینٹرل جناب طاہر اے خان نے شرکت کی۔ اس پروقار تقریب کی صدارت چیئرمین جناب شعیب میر نے کی۔

اسٹیج سیکریٹری کے فرائض چوہدری محمد اعجاز ریجنل چیف نارتھ نے انجام دیئے۔ اس پروقار تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا اور جناب خالد محمود شاہد ریجنل چیف فیصل آباد نے تلاوت کلام پاک کی سعادت حاصل کی۔ چوہدری محمد اعجاز ریجنل چیف نارتھ نے خطبۂ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے اپنی اور تمام شرکاء کی طرف سے چیئرمین کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہا۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے جناب چیئرمین کو اسٹیٹ لائف جیسے عظیم ادارے کی باگ ڈور سنبھالنے پر دلی مبارکباد پیش کی اور اسے اسٹیٹ لائف کے لئے بھی خوش آئند قرار دیا۔




اس موقع پر چیئرمین جناب شعیب میر کو چاروں ریجن کا سال 2016 کی بنیاد پر تقابلی جائزہ پیش کیا۔ چاروں ریجن کے سال 2016 کے FYP اور Renewal کی اگست تک کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور FYP ماہ اگست 2016 تک کی کارکردگی پر پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن کا اعلان کیا گیا۔

پہلی پوزیشن چوہدری محمد اعجاز، ریجنل چیف نارتھ ریجن، دوسری پوزیشن جناب خالد محمود شاہد، ریجنل چیف فیصل آباد ریجن، تیسری پوزیشن خالد منصور، ریجنل چیف کے پی کے ریجن اور چوتھی پوزیشن طاہر اے خان، ریجنل چیف لاہور سینٹرل نے حاصل کی۔ بعدازاں چیئرمین اسٹیٹ لائف نے ماہ اگست میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر چوہدری محمد اعجاز، دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر خالد محمود شاہد اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے پر خالد منصور کو اعزازی سرٹیفکیٹ اور پھولوں کے تحائف دیئے اور ان کی کارکردگی کو سراہا۔

جناب چیئرمین نے اپنے خطاب میں تمام ریجن کی زون کی سطح پر کارکردگی کا جائزہ لیا اور تمام ریجنل چیفس کو ہدایات جاری کیں کہ وہ اپنے اپنے زونوں کو پرنسپل آفس کراچی کی جانب سے مقرر کردہ سالانہ اہداف کو مکمل کرائیں۔ تمام زون اپنے سالانہ اہداف سال کی آخری سہ ماہی (اکتوبر تا دسمبر) تک ہر صورت مکمل کرلیں۔ انہوں نے ریجنل چیفس کو مزید کہا کہ وہ سالانہ اہداف کی تکمیل میں اپنا کردار ادا کریں اور تمام زونل ہیڈز کی معاونت کریں تاکہ زون بھی سرخرو ہوں اور ریجنل چیفس بھی۔

آخر میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے تمام شرکاء کی طرف سے عزت مآب چیئرمین کا شکریہ ادا کیا۔

(رپورٹ: محمد اعجاز چوہدری، ڈی جی ایم/ ریجنل چیف، ناردرن ریجن)

# جناب شعیب میر چیئرمین اسٹیٹ لائف کی راولپنڈی زون میں آمد اور تقریب تقسیم انعامات

گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف راولپنڈی زون میں چیئرمین جناب شعیب میر کی آمد پر ایک پروقار تقریب مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی۔اس تقریب میں چیئرمین جناب شعیب میر کے علاوہ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین اور ریجنل چیف نارتھ چوہدری محمد اعجاز نے بھی شرکت کی۔



جناب شعیب میر چیئرمین اسٹیٹ لائف کی آمد پر چوہدری محمد یوسف فاروقی، زونل ہیڈ راولپنڈی ہمراہ تمام سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز نے گرم جوشی سے ان کا استقبال کیا اور خیر مقدمی گلدستے پیش کیئے۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبولؐ سے ہوا اس کے بعد زونل ہیڈ راولپنڈی چوہدری محمد یوسف فاروقی نے استقبالیہ خطاب میں جناب شعیب میر کا شکریہ ادا کیا جن کی آمد سے اس تقریب میں اور راولپنڈی کی فیلڈ فورس میں نیا جوش وولولہ پیدا ہوا ہے جو بلاشبہ راولپنڈی زون کو نمبرون پوزیشن کے حصول میں اہم کردار ادا کرے گا۔چوہدری محمد یوسف فاروقی نے جناب شعیب میر چیئرمین اسٹیٹ لائف کو پوری کارپوریشن میں نمبرون آنے کا یقین دلایا، انہوں نے راولپنڈی زون کے فیلڈ فورس کے لئے رکھے گئے انعامات کا بھی ذکر کیا جن کی قرعہ اندازی جناب شعیب میر چیئرمین اسٹیٹ لائف کے ہاتھوں سے کرائی جانی ہے۔ان انعامات میں 5 عمرہ کے ٹکٹ، 16 موٹر سائیکل، اس کے علاوہ ڈنر سیٹ، ٹی سیٹ، مائیکروویو، موبائل، بریف کیس، LED، وال کلاک اور دیگر انعامات شامل ہیں۔

ریجنل چیف چوہدری اعجاز نے راولپنڈی زون کی تاریخ کو دہراتے ہوئے کہا کہ ماضی میں پنڈی زون نے پوری کارپوریشن میں نمایاں مقام رکھا اور مستقبل میں بھی اس اعزاز کو برقرار رکھے گا۔انہوں نے جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے راولپنڈی زون میں بطور سیلز نمائندہ کام شروع کیا اور آج وہ ڈویژنل ہیڈ کے عظیم عہدے پر تعینات ہیں۔

جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے اپنی مخصوص شعلہ بیان انداز میں تقریب کو گرماتے ہوئے فیلڈ کی محنت اور کام کی تعریف کی انہوں نے تقریب کے شرکاء کو انعامات پر پیشگی مبارکباد دی۔انہوں نے تقریب کے شرکاء کو یقین دہانی کرائی کہ جناب شعیب میر چیئرمین اسٹیٹ لائف کی موجودگی میں کارپوریشن کے ہر کارکن کو زیادہ سے زیادہ مراعات ملیں گی اور کارپوریشن کا بزنس بڑھے گا۔

جناب شعیب میر چیئرمین اسٹیٹ لائف نے اپنے خطاب میں تقریب کے شرکاء کو مبارکباد دی انہوں نے کہا کہ اعلیٰ سروسز اور محنت کے دم پر ہی مارکیٹنگ میں اپنے اہداف کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے انہوں نے راولپنڈی زون کی فیلڈ فورس کے ساتھ وعدہ کیا کہ اگر وہ دسمبر کلوزنگ کے بعد کارپوریشن میں نمبرون آئے تو وہ 2017 کی پہلی میٹنگ راولپنڈی زون کی فیلڈ فورس کے ساتھ کریں گے اور ان کو یہاں آکر مبارکباد پیش کریں گے انہوں نے اس محبت کا اظہار بھی کیا کہ باقی تین مہینے دسمبر تک شعیب میر کے نام کردیئے جائیں گے جو کہ راولپنڈی زون سے ان کی محبت کا ثبوت ہے۔



تقاریر کے بعد جناب شعیب میر چیئرمین اسٹیٹ لائف نے ٹاپ پوزیشن ہولڈرز میں گولڈ میڈل اور شیلڈز تقسیم کیں۔نمایاں پوزیشن والوں کو پگڑیاں بھی پہنائیں، بعد ازاں قرعہ اندازی کی تقریب شروع ہوئی جس میں کوالیفائرز نے گہری دلچسپی لی۔تقریب کے آخر میں زونل ہیڈ چوہدری محمد یوسف فاروقی نے انعامات حاصل کرنے والوں کو مبارکباد دی اور تمام انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔

(رپورٹ: عابد مسعود ملک، اسسٹنٹ منیجر، راولپنڈی زون)





# کراچی سدرن زون کی گرینڈ ایجنسی میٹنگ اور لکی ڈرا کانٹیسٹ کا انعقاد

## ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین اور ریجنل چیف ساؤتھ چوہدری اختر حسین کی شرکت

ماہ اگست وطن عزیز کی تاریخ میں اہم حیثیت کا حامل ہے۔اسی ماہ کے حوالے سے زونل ہیڈ محمد سعید خان نے مذکورہ بالا پروگرام کا اہتمام کیا۔

اس تقریب کے مہمان خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین تھے جبکہ تقریب کی صدارت ریجنل چیف جناب چوہدری اختر حسین نے کی۔ مہمانوں میں سابق ریجنل چیفز، سابق زونل ہیڈز، ڈپارٹمنٹل ہیڈز، فیلڈفورس، افسران واسٹاف نے بڑی تعداد نے شرکت کی۔



اسٹیج پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اظہر حسین، ریجنل چیف چوہدری اختر حسین اور زونل ہیڈ محمد سعید خان اسٹیج پر بیٹھے میٹنگ کا احوال دیکھ رہے ہیں۔

پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ بعداز تلاوت نعت رسول کریمؐ پیش کی گئی۔اس موقع پر حالیہ وفات پانے والے عظیم ساتھی محمد تقی، سیلز منیجر پیر اعجاز نقوی، قومی ہیرو عبدالستار ایدھی، معروف قوال امجد صابری اور کوئٹہ کے شہدا کے ایصال ثواب کے لئے دعائے مغفرت اور فاتحہ خوانی کی گئی۔

راجہ مظفر حسین، صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن نے میٹنگ کے انعقاد پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے نشاندہی کی کہ پچھلی میٹنگ میں 65 شیلڈز تقسیم کی گئی تھیں اس مرتبہ 129 شیلڈز ہیں۔ آپ کی فیڈریشن نے انتظامیہ سے کامیاب مذاکرات کر کے فیلڈ ورکرز ٹرسٹ قائم کروادیا ہے جس میں 55 لاکھ جمع ہوئے اور ٹیکس فائلز کے لئے 8 فیصد ٹیکس کروادیا۔



پروگرام کے شرکا قومی ترانے کے دوران احتراماً کھڑے ہیں۔

صدر ایریا منیجر شاہد علی نے گزشتہ دنوں وفات پانے والے اپنے ساتھی سیلز منیجر محمد تقی کے لئے اور دیگر مرحومین کے لئے انتہائی دکھ کا اظہار کیا۔ ڈویژنل ہیڈ اظہر حسین کی آمد پر اظہار تشکر کیا اور زونل ہیڈ محمد سعید خان و تمام ٹیم کو پہلی مرتبہ اس خوبصورت آڈیٹوریم میں تقریب منعقد کرنے پر مبارک باد دی۔

زونل ہیڈ محمد سعید خان نے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، ریجنل چیف ساؤتھ اور زونل ہیڈ کراچی ایسٹرن زون اور مہمان گرامی و حاضرین کو خوش آمدید کہا اور بتایا کہ میں نے جب چارج لیا تو ہمارا زون 40 فیصد مائنس میں تھا۔ میں شروع سے ہی مشکلات سے نمٹتا آیا ہوں۔ یہاں زون میں بہت ساری مشکلات تھیں، ہماری تمام فیلڈ نے جذبے سے کام کر کے دسمبر 2015 کو پلس کیا۔

ریجنل چیف چوہدری اختر حسین نے کہا کہ میں فیلڈ ورکرز کو پیش تمام معاملات و مشکلات کو دیکھ رہا ہوں۔ اب آپ کے تمام مسائل پرنسپل آفس میں موجود ہیں جو جلد حل ہوں گے۔ ہم ہر سیلز منیجر، سیلز آفیسر اور سیلز ریپریزینٹیٹو کو زیادہ سے زیادہ سہولت دلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ آپ کو ابھی ایریا منیجر بننا ہے، آپ بیواؤں اور یتیموں کے لئے کام کرتے ہیں۔ آپ سیکٹر ہیڈ صاحبان سے رہنمائی حاصل کریں۔



کراچی سدرن زون کی سیلز منیجر مائرہ بتول قرعہ اندازی کے ذریعے موٹر سائیکل کی چابی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اظہر حسین اور اپنے اے جی ایم تاجدار حسین سے وصول کر رہی ہیں۔

انہوں نے اپنی تقریر کے آخر میں جناب سعید خان زونل ہیڈ ساؤتھ اور ان کی ٹیم کو مبارک باد پیش کی۔

ریجنل چیف نے میٹنگ میں موجود تمام فیلڈ ورکرز کو بھی مبارک باد پیش کی، ہم نے پہلے اور دوسرے کوارٹر میں ٹاپ کیا ہے۔ ہمیں حیدرآباد ریجن نے چیلنج کیا، انشاءاللہ ہم دسمبر تک ٹاپ کرتے رہیں گے۔ ہمارے ایسٹرن زون نے 2015 میں پاکستان بھر میں ٹاپ کیا ہے، سینٹرل زون کے بھی عزائم بلند ہیں۔ ریکروٹمنٹ کراچی سدرن زون کا خاصہ رہی ہے۔ جن لوگوں نے ٹیمیں بنائی ہیں، کامیاب ہیں، ہمارا کام ریکروٹمنٹ کو بڑھانا ہے تاکہ کام بھی بڑھے، بزنس کو بہتر کر کے ہی ہم ترقی کر سکتے ہیں۔



کراچی سدرن زون کے سیلز منیجر اسلم پرویز کو ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اظہر حسین پرفارمنس ٹرافی پیش کر رہے ہیں۔

بعد ازاں زونل ہیڈ نے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، ریجنل چیف، زونل ہیڈ ایسٹرن زون کو پھولوں کے تحائف پیش کئے۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے ایریا منیجرز اور کروڑ پتی ایریا منیجرز کو بمع ٹیم ہار پہنائے، بعد میں شیلڈز تقسیم کی گئیں اور قرعہ اندازی کے ذریعے 12 موٹر سائیکلیں بھی دی گئیں۔

اپنے صدارتی خطاب میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے تمام حاضرین کو خوش آمدید کہا اور 14 اگست کی مبارک باد پیش کی اور یہ یاد دلایا کہ ہمیں یہ ملک قربانیوں سے ملا ہے جبکہ ہمارا پیشہ بھی قربانیوں کا متقاضی ہے۔ حیدرآباد ریجن نے آپ کے ریجن کو چیلنج کیا ہے مگر مجھے یقین ہے کہ آپ نمبر ون آئیں گے۔ ہماری فیلڈ بہت محنتی ہے۔ اسکردو کے لوگ سردی میں محنت کرتے ہیں۔ فیلڈ ورکرز پرعزم اور فوکس ہو کر کام کریں۔ ہمیشہ پیشہ ورانہ طریقے سے ریکروٹمنٹ کے ذریعے نئے خون کی ضرورت ہے۔ بیمہ زندگی مشکل کام ہے اگر سیکھ لیں گے تو اس سے آسان کوئی اور کام نہیں ہے۔

(رپورٹ: اسلم پرویز، سینئر سیلز منیجر کراچی سدرن زون)

# پشاور زون کے مختلف مقابلہ جات کے کوالیفائرز کے اعزاز میں منعقدہ تقسیم انعامات کا احوال

اسٹیٹ لائف پشاور زون کے زیر اہتمام پی سی ہوٹل پشاور میں عید ملن پارٹی اور کیش انعامی مقابلہ کے کوالیفائرز، قرارداد پاکستان منی کلوزنگ انعامی شیلڈ کے کوالیفائرز، جشن بہاراں چیئر پرسن خوش آمدید زونل میلہ کے کوالیفائر، کنونشن کلب سال 2017 اور پشاور زون کے مایہ ناز فیلڈ کارکنان کے اعزاز




میں ایک عظیم الشان تقریب منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں جناب اظہر حسین، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے بحثیت مہمان خصوصی، جناب خالد منصور، ریجنل چیف، خیبر پختون خواہ، جناب نمائش خان، زونل سربراہ پشاور زون، کے تمام سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز نے شرکت کی۔ اسٹیج سیکریٹری کے فرائض مشترکہ طور پر جناب جان محمد، ایریا منیجر پشاور زون اور جناب نعیم کوہاٹی سیلز منیجر کوہاٹ زون نے سرانجام دیئے۔



میٹنگ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ نعت رسول مقبولؐ کے بعد میٹنگ کا باقاعدہ آغاز ہوا۔

شرکاء سے اپنے خطاب میں جناب اظہر حسین نے پرُتپاک استقبال پر تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے بحثیت ریجنل چیف نارتھ کام کیا ہے اور یہاں کے تمام ساتھیوں کو ذاتی طور پر جانتا ہوں اور اُن کے کام سے پوری طرح واقف ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میرا تعلق بھی اسی خطے سے ہے۔ میں فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ یہاں کے لوگ جب بھی وعدہ کرتے ہیں تو اسے پورا کرنے کے لئے تن، من، دھن کی بازی لگا دیتے ہیں۔ انہوں نے جناب خالد منصور، ریجنل چیف خیبر پختون خواہ کو پوری کارپوریشن میں سالانہ بنیاد پر اول پوزیشن حاصل کرنے پر زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ میں نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ میں خود خیبر پختون خواہ ریجن کا دورہ کر کے اس عظیم کامیابی پر آپ تمام دوستوں کو مبارکباد دوں گا۔ انہوں نے اس موقع پر جناب خالد منصور ریجنل چیف خیبر پختون خواہ کی قائدانہ صلاحیتوں پر ان کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ جناب خالد منصور کی بحثیت ریجنل چیف تعیناتی اعلیٰ انتظامیہ کے ان پر اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے جس پر وہ پورا اترے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی خیبر پختون خواہ ریجن پوری کارپوریشن میں کامیابی کے جھنڈے لہرائے گا۔ اس موقع پر جناب اظہر حسین نے زونل سربراہ پشاور زون جناب نمائش خان صاحب کی قائدانہ صلاحیتوں اور ان کی شب و روز محنت پر انہیں مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ماہ جولائی میں



پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر پشاور زون نے پوری کارپوریشن میں جس شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے وہ قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشاور زون کے قائد ایک تجربہ کار اور منجھے ہوئے بیمہ کار ہیں اور اپنی مسلسل محنت اور لگن سے وہ اس مقام تک پہنچے ہیں۔ ان کی کارکردگی کو پوری کارپوریشن میں تحسین کی نگاہ سے دیکھا جا رہا ہے۔ اس موقع پر انہوں نے جناب خالد منصور ریجنل چیف خیبر پختون خواہ اور جناب



نمائش خان زونل سربراہ پشاور زون کو ہار پہنا کر پوری کارپوریشن میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر مبارکباد دی۔ بعد ازاں جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے مختلف مقابلہ جات کے کوالیفائرز کے درمیان انعامی شیلڈ اور لاکھوں روپے مالیت کے انعامی چیک تقسیم کئے۔

(رپورٹ: فقیر گل، ڈپٹی منیجر (زیڈ ایچ ایس) اسٹیٹ لائف پشاور زون)

# پی سی بھوربن میں جھنگ زون

# کا پہلا منی کنونشن

جھنگ زون کے سربراہ محمد اکبر مغل نے جون 2016 میں جھنگ زون کے سیلز نمائندگان، سیلز افسران، سیلز منیجران، ایریا منیجران اور سیکٹر ہیڈز کے لئے کارپوریشن کے میگا کنونشن کی طرز پر جھنگ زون کا پہلا منی کنونشن منعقد کرنے کا اعلان کیا تھا۔ جھنگ زون کی سطح پر اس طرح کا یہ پہلا کنونشن تھا۔ جس کا مقصد فیلڈ فورس کو اسٹیٹ لائف کے کنونشن 2017ء میں کوالیفائی کرنے کے لئے ذہنی طور پر تیار کرنا تھا۔



محمد اکبر مغل، زونل سربراہ، اسٹیٹ لائف خطاب کرتے ہوئے



محمد اکبر مغل، زونل سربراہ، سیلز منیجرز شاہد انجم، رانا ذوالفقار اور سیکٹر ہیڈ محمد شریف کے ہمراہ۔

اس منی کنونشن میں 140 ساتھیوں نے کوالیفائی کیا۔ زونل سربراہ کی سربراہی میں مورخہ 20 اگست 2016 کو جھنگ سے روانہ ہوا دو دن مری میں قیام کیا جہاں شرکا کو سیر و تفریح اور چیئر لفٹ کی سیر کرائی



شرکائے تقریب

گئی۔ اس کے بعد تمام شرکا پی سی بھوربن روانہ ہوئے۔ شام کو پی سی کے کنونشن ہال میں تمام شرکا کو خوش آمدید کہا گیا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ بعد میں نعت رسول اکرمؐ پیش کی گئی، ٹاپ سیلز ریپ حافظ محمد عثمان، سیلز منیجر چوہدری شاہد انجم، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز نے اپنے بھرپور خیالات کا اظہار کیا اور بیمہ کی اہمیت اور افادیت پر روشنی ڈالی۔

جناب اکبر مغل زونل ہیڈ جھنگ نے اپنے خطاب میں تمام شرکا کنونشن کو خوش آمدید کہا اور مبارک باد پیش کی اور اس بات پر زور دیا کہ آپ لوگ کنونشن 2017 میں کوالیفائی کرنے کے لئے بھرپور محنت کریں اور بیمہ زندگی کے پلان کو گھر گھر تک پہنچائیں یہ آپ کی ذمہ داری ہے۔ بعدازاں کنونشن کے




شرکائے تقریب

تمام شرکاء کو تحائف پیش کئے گئے، آخر میں زونل سربراہ نے تمام شرکا منی کنونشن سے میگا کنونشن 2017 میں کوالیفائی کرنے کا عہد بھی لیا۔

(رپورٹ: ممتاز احمد سیال، زونل ہیڈ، جھنگ زون)

# جناب غفران میمن ایگزیکٹو ڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس اور جی اینڈ پی کا دورہ پنڈی/ اسلام آباد زون

گزشتہ دنوں جناب غفران میمن ایگزیکٹو ڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس/ جی اینڈ پی نے گروپ اینڈ پینشن زون راولپنڈی کا دورہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے تمام افسران، سیکٹر ہیڈز اور اسٹاف ممبران سے ملاقات کی۔ ایک خصوصی تقریب میں کارپوریشن کی طرف سے فراہم کردہ کمپیوٹر ٹیبلٹ سیکٹر ہیڈ صاحبان میں تقسیم کیئے۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں جناب غفران میمن نے کمپیوٹر ٹیبلٹ حاصل کرنے والے تمام سیکٹر ہیڈز کو مبارک باد پیش کی اور اس بات کو زور دے کر کہا کہ گروپ اینڈ پینشن کو نئے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے جدید مارکیٹنگ حکمت عملی تیار کرنا ہوگی تا کہ کارکردگی میں مزید بہتری آ سکے۔ کم وقت میں زیادہ بہتر کارکردگی دکھائی جاسکے۔ ٹیبلٹ کی تقسیم بھی اسی کی ایک کڑی ہے۔ ان ٹیبلٹ کی مدد سے آپ اپنے



پلان اور رائڈرز کو زیادہ اچھے طریقے سے سامنے والے کو پیش کر سکیں گے جس سے کارپوریشن کے بزنس میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا اور آپ کے معیار زندگی پر بھی اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔

بعد ازاں جناب محمد علی عباس کاظمی زونل ہیڈ گروپ اینڈ پینشن نے جناب غفران میمن کا گروپ اینڈ پینشن راولپنڈی زون کے دورے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے اپنے خطاب میں تمام سیکٹر ہیڈز کو مبارک باد پیش کی اور اس بات پر زور دیا کہ ہم اپنے افسران اور اسٹاف کی زیادہ سے زیادہ حوصلہ افزائی کے لئے ان کو جدید مراعات دینے کا ارادہ رکھتے ہیں تا کہ بزنس اور زیادہ بہتر ہو سکے۔

بعدازاں جناب غفران میمن ایگزیکٹو ڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس/ جی اینڈ پی نے گروپ اینڈ پنشن راولپنڈی زون کا دورہ مکمل کرنے کے بعد راولپنڈی زون لائف کا بھی دورہ کیا۔ پنڈی زون پہنچنے پر



جناب چوہدری محمد یوسف فاروقی زونل ہیڈ، تمام ڈپارٹمنٹل ہیڈز اور افسران و اسٹاف نے انہیں خوش آمدید کہا۔انہوں نے تمام افسران واسٹاف سے فرداً فرداً ملاقات کی اور ان کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر انہوں نے اسٹاف و افسران کو درپیش مسائل کو سنا اور اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ ان کے تمام رکے ہوئے کاموں کو جلد از جلد پایہ تکمیل پر پہنچایا جائے گا۔انہوں نے تمام ڈپارٹمنٹل ہیڈز کو اپنا ای میل ایڈریس بھی دیا تا کہ کام کی رفتار کو اور بہتر بنایا جاسکے۔اس موقع پر مارکیٹنگ کے لوگوں کو خاص طور پر مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اب سال 2016 کا اختتام قریب ہے۔آپ لوگوں کو دن رات محنت کر کے کارپوریشن کے سالانہ ٹارگٹ کو پورا کرنا ہے تا کہ کارپوریشن اپنے اہداف کو مکمل کر سکے اور ہم پالیسی ہولڈرز کو بہترین سروس فراہم کر سکیں۔اس کے ساتھ افسران واسٹاف کی بھی مراعات پر نظر ثانی کی جاسکے۔آخر میں جناب چوہدری محمد یوسف فاروقی نے اپنے خطاب میں، جناب غفران میمن کا زون کے دورہ پر شکریہ ادا کیا آپ کا یہ دورہ ہمارے لئے ایک اعزاز کی بات ہے اس سے افسران واسٹاف کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔میرا یہ یقین ہے کہ انشاء اللہ آپ کے اس دورے سے ہمارے بزنس پر اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔

اپنے اس دورے کے آخر میں جناب غفران میمن ایگزیکٹو ڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس/ جی اینڈ پی اسلام آباد زون پہنچے ۔اسلام آباد زون آمد پر ریجنل چیف نارتھ، زونل ہیڈز اسلام آباد، افسران واسٹاف نے جناب غفران میمن کو خوش آمدید کہا، انہوں نے زون کے تمام ڈپارٹمنٹس کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کے



کاموں پر عدم اعتماد کا اظہار کیا اور ہدایت جاری کی کہ زون کے صفائی ستھرائی کے کاموں کو بہتر کیا جائے۔ میں پھر ایک ماہ بعد جناب شعیب میر چیئر مین اسٹیٹ لائف کے ساتھ اس بلڈنگ کا دورہ کروں گا۔اس وقت آپ لوگوں کی صفائی ستھرائی کے حوالے سے ایک مہینہ کی کارکردگی کا جائزہ بھی لیا جائے گا۔انہوں نے یہ بات زور دے کر کہی کہ باہر سے آنے والے لوگوں کے لئے بلڈنگ کا صاف ہونا بہت اہم ہوتا ہے اور اس سے اچھا تاثر قائم ہوتا ہے۔ ہماری بلڈنگوں کو ملٹی نیشنل کمپنیوں کی بلڈنگز جیسا ہونا چاہیئے اس سے آپ کی سالانہ کارکردگی پر بھی بہت اچھا اثر پڑے گا۔ اس موقع پر انہوں نے اسٹاف و افسران کو درپیش مسائل کے فوری حل کا وعدہ بھی کیا۔

آخر میں ریجنل چیف نارتھ جناب چوہدری اعجاز نے جناب غفران میمن کا زون آمد پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آپ کی آمد سے زون کے اسٹاف وافسران کے اندر ایک نیا ولولہ پیدا ہوا ہے۔ (تحفظ رپورٹ)




# ایچ آر ڈی ڈی کے زیر اہتمام 5 روزہ سالانہ ورکشاپ

ایچ آر ڈی ڈی کے زیرِاہتمام 5 روزہ سالانہ ورکشاپ ٹریننگ آف ٹرینرز گزشتہ دنوں ملکہ کوہسار مری میں منعقد کی گئی جس میں ملک بھر سے آئے ہوئے اکیڈمیز کے پرنسپلز، ڈویژنل ہیڈ ایچ آر ڈی سید اعجاز علی زیدی، اور ایچ آر ڈی ڈی پرنسپل آفس کے افسران نے بھی شرکت کی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ تلاوت کلام پاک کے بعد نعت رسول مقبولؐ پیش کی گئی۔ افتتاحی تقریب میں جناب نور محمد جاوید پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی نارتھ نے ورکشاپ کے تمام شرکاء کو خوش آمدید کہا، سید اعجاز علی زیدی، ڈویژنل ہیڈ ایچ آر ڈی نے اپنے خطاب میں ورکشاپ کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی اس کے بعد جناب کنہیا لال شاہین اے جی ایم ایچ آر ڈی ڈی نے ٹریننگ کارکردگی کا تفصیلی جائزہ پیش کیا۔

جناب جمیل انور، ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایچ آر ڈی نے اپنے افتتاحی کلمات میں اس ورکشاپ کے انعقاد کو سراہا اور ٹریننگ کی افادیت پر تفصیل سے اظہار خیال کیا اور اس بات پر زور دیا کہ ٹرینرز کی بہتری اور اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے مزید کوششوں کی ضرورت ہے۔ جناب جمیل انور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایچ آر ڈی نے اس ورکشاپ کے انعقاد میں خصوصی دلچسپی لی اور انہی کی خصوصی ہدایت


پر ایچ آر ڈی نے دو دن کے لئے ٹرینرز کا بھی انتظام کیا تھا جس سے ورکشاپ کے شرکاء نے بھرپور استفادہ کیا۔ آنے والے ٹرینرز نے اس بات پر زور دیا کہ اس ورکشاپ کے اغراض و مقاصد یہ ہیں کہ




















اسٹیٹ لائف کی مارکیٹنگ فورس/ افسران اور اسٹاف کو بہتر سے بہتر تربیت فراہم کی جائے تا کہ وہ آنے والے مارکیٹنگ چیلنجز سے نمٹ سکیں۔ کسی بھی ادارہ کی ترقی میں ٹریزنز کا کردار بہت اہم ہوتا ہے۔ بعد ازاں جمیل انور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ایچ آر ڈی نے شرکاء میں اسناد تقسیم کیں۔

ورکشاپ کے آخری دن چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر نے اپنے اختتامی خطاب میں اس ورکشاپ کو انتہائی مفید قرار دیتے ہوئے ایچ آر ڈی ڈویژن کی کارکردگی کو سراہا اور ٹریننگ ڈپارٹمنٹ میں مزید بہتری پر زور دیا۔ اس موقع پر انہوں نے یہ بات زور دے کر کہی کہ ٹریزنز کو مختلف اداروں میں ٹریننگ کے لئے بھیجا جائے تا کہ ان کی کارکردگی مزید بہتر ہو اور وہ اسٹیٹ لائف کے مارکیٹنگ فورس اور افسران/ اسٹاف کی مزید بہتر تربیت کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کو منافع بخش ادارہ بنانے میں ٹریننگ ڈپارٹمنٹ کو بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ بعد ازاں چیئرمین اسٹیٹ لائف نے انعامات اور اسناد تقسیم کیں۔

رپورٹ محمد جمیل سپرنٹنڈنٹ ایچ آر ڈی ڈی





# جناب غفران میمن، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس/ گروپ اینڈ پنشن اور جناب افتخار احمد، ڈویژنل ہیڈ گروپ اینڈ پنشن کا دورہ لاہور

جناب غفران میمن، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس/گروپ اینڈ پنشن اور جناب افتخار احمد ڈویژنل ہیڈ گروپ اینڈ پنشن کی لاہور آمد پر زونل ہیڈ گروپ اینڈ پنشن لاہور زون جناب ڈاکٹر سجاد حسن زیدی نے معزز مہمانان گرامی کو گلدستے پیش کر کے خوش آمدید کہا۔



جناب غفران میمن نے جناب افتخار احمد ڈویژنل ہیڈ گروپ اینڈ پنشن اور گروپ اینڈ پنشن لاہور زون کے تمام ڈپارٹمنٹل ہیڈز کی موجودگی میں سیکٹر ہیڈز جناب الطاف حسین، جناب جمشید علی، جناب خالد محمود چوہدری، جناب شاہد لطیف، جناب شاہد کھوکھر، جناب علی عباس اور جناب کاظم حسین کو اینڈرائڈ ٹیبس (Android Tabs) پیش کئے۔ جناب غفران میمن نے اس امید کا اظہار کیا کہ ٹیبز کو بزنس ہولڈرز کے بہترین مفاد میں استعمال کیا جائے گا

جناب غفران میمن نے تمام ڈپارٹمنٹل ہیڈز سے ملاقات کی، ان کی کارکردگی کو سراہا اور ان کے مسائل کو حل کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ انہوں نے گورنمنٹ آف پنجاب کا گروپ جانے کے بعد کی صورت حال پر غور کیا، سیکٹر ہیڈز کو اس کی کمی کو پورا کرنے کے لئے عملی اقدامات پر زور دیا۔ کلیم انچارج جناب اکرام الحق کو تلقین کی کہ کلیم کی ادائیگی کو مزید بہتر کریں اور دیرینہ مدت کے کلیمز کو جلد از جلد ادا کرنے کی کوشش کریں۔

جناب غفران میمن نے اس میٹنگ کے بعد گروپ کا بزنس بڑھانے کے حوالے سے پاکستان ریلویز میں میٹنگ میں شرکت کی۔

بعد ازاں جناب غفران میمن نے ریجنل آفس سینٹرل ریجن لاہور زونل آفس سینٹرل زون اور زونل آفس ویسٹرن زون کا دورہ بھی کیا۔



غفران میمن، ڈاکٹر سجاد، زونل ہیڈ جی اینڈ پی لاہور کو Tab دیتے ہوئے

(رپورٹ: مظہر حسین تبسم، گروپ اینڈ پینشنز، لاہور زون)

# گروپ اینڈ پنشن کراچی زون میں ڈپارٹمنٹل اور سیکٹر ہیڈز کی ماہانہ میٹنگ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جی اینڈ پی/ پی اینڈ جی ایس جناب غفران میمن کی خصوصی شرکت

گزشتہ دنوں گروپ اینڈ پنشن زون کراچی میں سیکٹر ہیڈ اور ڈپارٹمنٹل ہیڈز کی ماہانہ میٹنگ کا انعقاد ہوا۔ میٹنگ کی صدارت ایگزیکٹیو ڈائریکٹر گروپ اینڈ پنشن جناب غفران میمن نے کی۔ میٹنگ میں ڈویژنل ہیڈ گروپ اینڈ پنشن جناب افتخار احمد بھی موجود تھے۔

میٹنگ کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جناب عدنان سمیع اللہ زونل سربراہ گروپ اینڈ پنشن کراچی زون نے ماہ ستمبر تک کی زون کی بزنس پرفارمنس کا جائزہ پیش کیا۔ بزنس ریویو کے دوران جناب غفران میمن نے بزنس کے حوالے سے سیکٹر ہیڈ صاحبان سے ان کی پرفارمنس پر مختلف سوالات کئے۔ دوران میٹنگ یہ بتایا گیا کہ گروپ اینڈ پنشن کراچی زون نے ماہ ستمبر تک کل پریمیئم کی مد میں 21.16 فیصد اضافہ کر کے 1.73 بلین کا پریمیئم حاصل کیا جبکہ زون کی پرسسٹینسی 99.65 فیصد رہی۔ بعد ازاں ماہ اکتوبر 2016 اور باقی ماندہ سال 2016 کے ریوائزڈ بزنس کے اہداف بھی پیش کئے گئے۔

جناب غفران میمن ایگزیکٹیو ڈائریکٹر نے شرکاء میٹنگ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گروپ کے بزنس کے لئے مارکیٹ میں بہت گنجائش ہے اور ہمیں مارکیٹ میں میسر مواقع سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ اس موقع پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر گروپ اینڈ پنشن نے مختلف اداروں کے سربراہان سے رابطہ کر کے سیکٹر ہیڈز صاحبان کے لئے چیلنجز طے کروائے۔ انہوں نے ڈپارٹمنٹل ہیڈ گروپ اینڈ پنشن کو کلیمز کی جلد از جلد سیٹلمنٹ پر زور دیا۔ انہوں نے یہ بات زور دے کر کہی کہ اب اگر ہمیں اپنے مارکیٹ شیئر کو بڑھانا ہے تو ہمیں اپنی سروسز کو بہتر کرنا ہوگا۔

کلیمز سیٹلمنٹ میں غیر ضروری تاخیر کی نگرانی کرنے کے لئے جناب غفران میمن نے زون کو کلیمز کی ہفتہ وار رپورٹ گروپ اینڈ پنشن ڈویژن کو بھیجنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے تمام کلیمز کو کیس ٹو کیس کی بنیاد پر ریویو کرنے کی ہدایت کی۔

جناب غفران میمن کو ERP کے نظام کی تنصیب پر بریفنگ دی گئی۔ جناب غفران میمن نے اس سسٹم کی جلد از جلد تکمیل کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ اس جدید نظام کی تکمیل سے بہت سی آسانیاں پیدا ہوں گی اور زون کی سروسز میں واضح فرق محسوس ہوگا۔ انہوں نے گروپ اینڈ پینشن کے کلائنٹس کو بروقت بلنگ پر زور دیا تا کہ وقت پر پریمیئم کی وصولی ممکن ہو سکے۔

(رپورٹ: ادارہ تحفظ)

# حیدرآباد ریجن میں تقریب تقسیم انعامات

گزشتہ دنوں حیدرآباد ریجن میں تقریب تقسیم انعامات کی ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی۔اس تقریب میں حیدرآباد ریجن کے تمام زونل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، ریجنل انچارجز اور جون 2016 میں 'بمپر



جناب اظہر حسین، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کا دوران خطاب ایک خوبصورت انداز۔

پرائز کار کانٹیسٹ' میں کوالیفائی کرنے والے تمام سیلز منیجرز نے شرکت کی۔اس تقریب کی صدارت جنرل منیجر مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے کی۔زونل سربراہ حیدرآباد زون جناب عبدالحسین کپری نے اسٹیج سیکریٹری کے فرائض انجام دیئے۔تقریب کا باقاعدہ آغاز اللہ تعالیٰ کے پاک نام سے ہوا،اس کے بعد نعت رسول مقبولؐ پیش کی گئی۔




جناب اظہر حسین اور جناب محمد اقبال گل کا ایریا منیجرز ایسوسی ایشن اور فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کے ساتھیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

اس موقع پر جناب عبدالحسین کپری زونل سربراہ حیدرآباد زون نے جناب اظہر حسین کی حیدرآباد آمد پر انہیں خوش آمدید کہا۔صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن، حیدرآباد زون، صدر، ایریا منیجرز ایسوسی ایشن، حیدرآباد زون نے بھی مہمان خصوصی کو دل کی گہرائیوں سے حیدرآباد آمد پر اُن کا شکریہ ادا کیا اور فیلڈ کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔

جناب محمد اقبال گل، ریجنل چیف حیدرآباد ریجن نے جناب اظہر حسین، زونل ہیڈ مارکیٹنگ کو گلدستہ پیش کیا۔جناب محمد اقبال گل، ریجنل چیف، حیدرآباد ریجن نے اپنے خطاب میں جناب اظہر حسین کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا کہ وہ اپنے قیمتی وقت میں سے وقت نکال کر وقتاً فوقتاً حیدرآباد ریجن، زونز کا دورہ کرکے ریجن کے مسائل حل کرنے میں ہمہ تن کوشاں رہتے ہیں۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ انشاء اللہ حیدرآباد ریجن سال 2016 میں کم از کم 18 کروڑ روپے کا اضافی بزنس دے کر کارپوریشن میں پہلی پوزیشن حاصل کرے گا۔جناب اقبال نے کہا کہ حیدرآباد ریجن کے تمام زونل سربراہان، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز اور سیلز نمائندگان اس صلاحیت کے حامل ہیں کہ اپنے زونز اور ریجن کا جھنڈا بلند کرکے کارپوریشن میں نمایاں مقام حاصل کریں۔بعد میں جناب اقبال گل نے تمام سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور ہر زون کے ٹاپ 5 سیلز منیجرز کے لئے 'لاہور کی سیر کانٹیسٹ' اناؤنس کیا اور امید ظاہر کی کہ اس کانٹیسٹ میں زیادہ سے زیادہ سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور سیلز منیجرز کوالیفائی کریں گے اور اپنے ہردلعزیز ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین کے ہمراہ لاہور کے تاریخی اور دلکش نظاروں کی سیر و تفریح کریں گے۔

جناب اظہر حسین، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے اپنے خطاب میں سب سے پہلے جناب محمد اقبال گل کو حیدرآباد کی تاریخ میں مارکیٹنگ کے حوالے سے ایک بڑا اور شاندار پروگرام منعقد کرنے پر مبارکباد پیش



جناب محمد اقبال گل، ریجنل چیف، حیدرآباد ریجن کا دوران تقریر ایک دلکش انداز۔

کی اور جناب اقبال کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جناب محمد اقبال گل کی سربراہی میں حیدرآباد ریجن کی ترقی ایک قابل فخر امر ہے اور ماہ ستمبر 2016 میں حیدرآباد ریجن کو کارپوریشن لیول پر پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر بھی مبارک باد پیش کی۔انہوں نے کہا کہ اگر دیانت داری اور پیشہ ورانہ علم کے تحت محنت کی جائے تو کامیابی آپ کے قدم ضرور چومے گی۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں ہماری ٹیموں



جناب عبدالحسین کپری، زونل سربراہ حیدرآباد زون اسٹیج سیکرٹری کے فرائض انجام دیتے ہوئے۔

نے وہ کارنامے انجام دیئے جو انشورنس کی تاریخ کا حصہ ہیں۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئے چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر کی تقرری سے فیلڈ/ مارکیٹنگ میں ایک نیا جوش اور امنگ پیدا ہوئی ہے اور انشاء اللہ آنے والے مہینوں میں اسٹیٹ لائف کا کاروباری گراف مزید بلند ہوگا۔دوران تقریب جناب اظہر حسین نے سال 2015 کے ایک کانٹیسٹ کے رزلٹ کا بھی اعلان کیا۔بعدازاں جناب اظہر حسین نے 'بمپر پرائز' کی قرعہ اندازی کی جو کہ جناب محمد آچر جمالی، سیلز منیجر نے حاصل کیا۔

جناب غلام قادر بالادی، سیکٹر ہیڈ، حیدرآباد زون نے تمام مہمانوں کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

(رپورٹ: محمد عرفان خان، پی ایس ٹو ریجنل چیف اسٹیٹ لائف حیدرآباد ریجن)

# شوکت علی ایریا ویلکم لاسٹ کوارٹر بزنس میٹنگ 2016

کراچی سدرن زون کی ویلکم لاسٹ کوارٹر بزنس میٹنگ ایریا 063 قومی عجائب گھر کے آڈیٹوریم میں منعقد کی گئی۔ جس میں ریجنل چیف ساؤتھ جناب چوہدری اختر حسین، زونل ہیڈ ساؤتھ جناب محمد سعید خان اور سیکٹر ہیڈ جناب تاجدار حسین اور ایریا کے تمام فیلڈ ساتھیوں نے شرکت کی۔



ریجنل چیف ساؤتھ چوہدری اختر حسین کو پھول پیش کئے جا رہے ہیں

پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اس کے بعد نعت رسول مقبولؐ پیش کی گئی۔ معزز مہمانوں کو ایریا کے ٹاپ سیلز منیجر نے گلدستے پیش کئے۔

خطبہ استقبالیہ میں ایریا منیجر شوکت علی نے کہا کہ آج ورکنگ ڈے نہیں بلکہ چھٹی کا دن ہے۔ رات کے اس وقت جناب چوہدری اختر حسین، جناب محمد سعید خان اور تاجدار حسین صاحب کا ہمارے درمیان ہونا ان کے خلوص اور فرض شناسی کے ساتھ فیلڈ ورکرز سے محبت کا عملی نمونہ ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اگر ہم اس طرح محنت و جانفشانی سے کام کرتے رہے تو انشاءاللہ کامیابی ہمارے قدم چومے گی۔

ریجنل چیف ساؤتھ جناب چوہدری اختر حسین نے اپنے خطاب میں کہا کہ اس سال یہ آپ کے ایریا کا تیسرا پروگرام ہے جس میں مجھے آپ سے ملاقات کا موقع ملا۔ آپ کی میٹنگ، میٹنگ نہیں ہوتی بلکہ شاندار گرینڈ فنکشن ہوتا ہے، اس پروگرام کا مقصد صرف اور صرف آپ کی کامیابی ہے، یہ پیشہ دنیا کا عظیم پیشہ ہے، اسٹیٹ لائف کا منشور ہے کہ ہمارے ملک میں غربت کا خاتمہ ہو۔ اور بیمہ زندگی کا پیغام گھر گھر پہنچایا جائے۔ بیروزگاری کی لعنت کو ختم کرنا ہے یہی وجہ ہے کہ لاکھوں لوگ آج اسٹیٹ لائف کی باوقار فیلڈ فورس کا حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جہاں آج آپ بیٹھے مجھے سن رہے ہیں میں نے بھی یہیں سے اپنا سفر شروع کیا۔ اس موقع پر ریجنل چیف ساؤتھ نے آخری کوارٹر کی اہمیت سے شرکاء کو آگاہ کیا۔

زونل سربراہ جناب محمد سعید خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شوکت علی ایریا میٹنگ کے لئے ہمیشہ نئی اور خوبصورت جگہوں کا انتخاب کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے بھی اسی شہر سے بحیثیت سیلز نمائندہ کام کا آغاز کیا۔ ہمارے دور میں بیمہ زندگی سے متعلق لوگوں میں شعور اور آگاہی کا فقدان تھا اور سہولیات



شوکت علی ایریا منیجر کا ریجنل چیف ساؤتھ اور زونل ہیڈ ساؤتھ کے ساتھ گروپ فوٹو

نہ ہونے کے برابر تھیں، آج آپ اپنی ٹیبل پر بیٹھے سیکنڈوں میں دنیا سے رابطے کر سکتے ہیں۔ جس ادارے سے آپ منسلک ہیں یہ ادارہ پاکستان کا فخر ہے، آپ کے مدمقابل کو آپ کے برابر آنے میں بہت وقت لگے گا، آپ پھل دینے والے درخت کے سائے میں ہیں۔ آج کے سیلز نمائندے اگر مضبوط ارادہ، نیک نیتی اور عزم کے ساتھ کام کریں تو کل آپ ہماری نشستوں پر ہوں گے۔ تقریب کے اختتام پر انعامات اور ٹرافیاں تقسیم کی گئیں۔

(رپورٹ: جعفر حسین بہشتی، سیلز منیجر، کراچی سدرن زون)




شوکت علی ایریا منیجر کا اپنی ٹیم اور ریجنل چیف ساؤتھ اور زونل ہیڈ کے ساتھ گروپ فوٹو

# اسٹیٹ لائف کلب پرنسپل آفس کی یادگار پکنک

صحت مند زندگی کے لئے تفریح انسانی ضرورت ہے۔ اسی سلسلے میں گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف کلب نے ایک پکنک کا انعقاد کیا۔ جس میں بڑی تعداد میں افسران واسٹاف نے شرکت کی۔

اسٹیٹ لائف کلب پرنسپل آفس کی جانب سے اپنے ممبران کے لئے کراچی سے 120 کلومیٹر دور کلری کینجھر جھیل پر پکنک کا پروگرام منعقد کیا گیا۔ جس میں کلب کے صدر مرزا اقبال بیگ بشمول عہدیداران، افسران واسٹاف نے خصوصی دلچسپی لی۔

ناشتہ سے فراغت کے بعد تمام شرکاء پکنک کلری جھیل کی سیر میں مصروف ہوگئے۔ کچھ نے کشتی کی سواری اور باقی دوستوں نے کلری جھیل میں نہانے اور نظارے سے لطف حاصل کیا۔ دوپہر کو ریسٹ ہاؤس کے لان پر شرکا پکنک کو دوپہر کا کھانا پیش کیا گیا۔



اسٹیٹ لائف پرنسپل آفس کلب کے صدر مرزا اقبال بیگ کا پکنک کے دوستوں کے ساتھ گروپ فوٹو

2 ستمبر 2016 بروز جمعہ شام 7 بجے پرنسپل آفس سے تمام ممبران بسوں میں سوار ہو کر اپنی منزل کی طرف روانہ ہوئے اور رات 10 بجے کلری کینجھر جھیل پہنچے۔ جہاں شرکا پکنک کے بیٹھنے اور آرام کا انتظام کیا گیا تھا۔ کچھ دیر آرام کے بعد رات کا کھانا پیش کیا گیا۔ بعد از طعام شرکا پکنک کے لئے ایک خوبصورت میوزیکل پروگرام ترتیب دیا گیا تھا، جس میں غزلیں، گیت اور صوفیانہ کلام پیش کئے گئے۔ کچھ دفتری دوستوں نے بھی گیت اور غزلیں پیش کیں۔ یہ پروگرام رات دیر تک جاری رہا اور اس سے پکنک کے شرکا بہت محظوظ ہوئے۔ اگلے روز صبح تمام شرکا پکنک نے ورزش اور واک کی بعد از اں تمام شرکاء کے لئے حلوہ پوری کے ناشتے کا اہتمام کیا گیا تھا۔

اس موقع پر صدر نے ممبران کے ساتھ یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے یہ بات زور دے کر کہی کہ آئندہ بھی اسی تسلسل سے اس طرح کے پروگرام منعقد ہوتے رہیں گے۔

دن بھر کی تفریح سے لطف اندوز ہونے کے بعد اگلے روز کی شام کو تمام شرکاء پکنک کے یادگار لمحات ذہنوں میں لئے بسوں کے ذریعے پرنسپل آفس واپس پہنچے جہاں سے وہ اپنے اپنے گھروں کو روانہ ہوگئے۔

(رپورٹ: مرزا اقبال بیگ، صدر اسٹیٹ لائف کلب۔ پرنسپل آفس)




پکنک کے دوران دوپہر کے کھانے کا منظر

# تصویری خبرنامہ



گذشتہ دنوں اتحاد یونین کے ملک بھر سے آئے ہوئے عہدے داران کی جناب غفران میمن، ایگزیکٹیوڈائریکٹر (پی اینڈ جی ایس/جی اینڈ پی) سے ملاقات کے دوران گروپ فوٹو۔



خیبر پختونخواہ ریجن کے زیر اہتمام ریجن کے تمام زونل سر براہان اور سیکٹر ہیڈز صاحبان کی میٹنگ پشاور میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر ریجنل چیف کے پی کے خالد منصور کے ساتھ لیا گیا گروپ فوٹو



فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر جناب محمد اصغر کا اپنی ٹیم کے ہمراہ اظہر حسین، جی ایم مارکیٹنگ کے ساتھ گروپ فوٹو



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین کا ملتان ریجن کے دورے پر داؤدائے ناصر، ریجنل چیف ملتان اور شرکاء کے ساتھ ایک گروپ فوٹو



گلف زون کے مارکیٹنگ ایگزیکٹوز کا کیک کٹنگ کے دوران ایک گروپ، جناب رمضان شاہد زونل چیف گلف بھی نمایاں ہیں




چوہدری سرفراز احمد زونل ہیڈ فیصل آباد زون جناب عدیل منظور، ایریا منیجر فیصل آباد زون کے پورے پاکستان میں اوّل پوزیشن حاصل کرنے کی تقریب کے دوران ایک گروپ فوٹو



ساؤتھ زون کے کلب الیکشن کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو



آرٹس کونسل کراچی میں اسٹیج شو کمیٹی کی جانب سے فلم اسٹار مصطفیٰ قریشی کے اعزاز میں (اعتراف ِکمال) کے موقع پر ممبر اسٹیج شو کمیٹی آرٹس کونسل سہیل اقبال خان فلم اسٹار مصطفیٰ قریشی اور فلم اسٹار ندیم کو پھول پیش کر رہے ہیں۔

# اسٹیٹ لائف
# میدانِ عمل میں



زونل ہیڈ سینٹرل جناب قاضی فواد سلیم میچوریٹی کی مد میں سید خالد حسین شاہ کو مبلغ 33,98,753 روپے کا چیک دے رہے ہیں



جناب عابد مسعود، سیکٹر ہیڈ کراچی ساؤتھ زون مرحوم بیمہ دار سید افتخار احمد کی بیوہ کو مبلغ 23,01,400 روپے کا چیک دے رہے ہیں



ریجنل چیف حیدرآباد جناب محمد اقبال گل بیمہ دار اندرونید ھو ہوتوانی کے والد ڈاکٹر چیتن داس ہوتوانی کو ڈیتھ کلیم کی مد میں مبلغ 21,00,000 روپے کا چیک پیش کررہے ہیں۔ تصویر میں جناب مسعود آرائی، زونل ہیڈ، جناب عبدالملک، ایریا منیجر اور جناب ڈاکٹر جیوراج ٹھاکرم سیلز آفیسر بھی نمایاں ہیں۔



سب زونل ہیڈ راولاکوٹ جلیل احمد ہاشمی، ڈاکٹر ممتاز احمد خاں مرحوم کی بیوہ کو مبلغ 1,674,074 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک پیش کررہے ہیں۔ مرحوم کا بیٹا اور بیٹی بھی موجود ہیں۔ مرحوم نے اپنی پالیسی کی صرف دو اقساط ادا کی تھیں۔



جان محمد، ایریا منیجر، حاجی اسلم سیلز منیجر، شیام لال کوان کے بھتیجے اوم پرکاش کا ڈیتھ کلیم چیک، مالیت مبلغ 6 لاکھ روپے دے رہے ہیں۔



فیصل آباد زون۔ مسٹر محمد اقبال کوان کی وائف کا ڈیتھ کلیم چیک، مالیت مبلغ دو لاکھ دس ہزار روپے، سیلز منیجر محمد ارشد، محمد طاہر عظیم، محمد رضوان اور سیلز آفیسر اویس عباس پیش کررہے ہیں۔

# تخلیقی صلاحیت کا استعمال


## محمد افضل جنجوعہ

ہر فرد کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ تخلیقی صلاحیت کا اظہار کرے اور ہونی بھی چاہئے کیونکہ کوئی بھی کام تخلیقی انداز میں کرنے میں جو لطف ہے وہ گھسے پٹے انداز میں نہیں ہے۔ لیکن تخلیقی صلاحیت ہے کیا؟ کیا یہ فطری ہوتی ہے یا اسے سیکھا جا سکتا ہے؟ کچھ بھی ہو یہ کوئی معمہ نہیں ہے۔

کاروبار میں تخلیقی صلاحیت کا اظہار آج کل لازمی ہے۔ تشہیر کا فن ہو، پروڈکٹ ڈیزائن یا فروخت کاری، سبھی میں ایسی صلاحیتوں کے استعمال سے نکھار پیدا ہوتا ہے۔ دن بھر ٹی وی پر اشتہار چلتے ہیں۔ اخبارات کی زینت بنتے ہیں اور دیگر ذرائع تک ہماری بصارت وسماعت سے آشنائی ہیں مگر کوئی کوئی توجہ اس طرح سے کھینچتا ہے کہ سروس یا پروڈکٹ کے استعمال کی رغبت پیدا ہوتی ہے۔

فرض کر لیں ایک فرد رسی کے ساتھ کسی کرسی سے بندھا ہوا ہے، اس کے سامنے ایک وائلن رکھی ہے۔ آپ کے خیال میں جونہی وہ رسی سے آزاد ہوگا وائلن پر خوبصورت دھنیں بکھیرنے لگے گا۔ جی نہیں، یہ ایک صلاحیت ہے جو اس کے لئے لازم ہے۔ یہ مثال معروف شہرت یافتہ مصنف ایڈورڈ ڈی لونو نے اپنی ایک کتاب میں دی ہے۔ تخلیقی صلاحیت کو ایک مثال سے واضح کرتے ہیں۔

ان تین اشیا میں مختلف چیز کونسی ہے؟



- ایکسر سائز بک (Excercise Book)
- کتاب (Book)
- رسالہ Magazine

تینوں کاغذ سے بنائی جاتی ہیں۔ لیکن کتاب اور رسالہ پڑھے جاتے ہیں جبکہ ایکسر سائز بک پر لکھا جاتا ہے۔ بعد میں پڑھا بھی جا سکتا ہے مگر ابتدائی طور پر یہ لکھنے کے کام آتی ہے۔

یہ بہت سادہ سی مثال ہے۔ مگر ہم یہاں تخلیقی صلاحیت کی افزائش پر نہیں استعمال پر بات کر رہے ہیں۔

اب آئیے فروخت کاری کی طرف جو ہمارا اصل موضوع ہے۔

ایک بیمہ کارکن ایک مشہور ایڈووکیٹ کو 50 لاکھ روپے کی پالیسی فروخت کرنا چاہتا ہے۔ موصوف اتنی مالیت کی پالیسی گزشتہ 7 سال سے چلا رہے ہیں، ہمارا کارکن ان سے وقت لینے اور ان کی پروفائل پر غور کرنے کے بعد ایک شام ان کے چیمبر میں پہنچا ہے۔ وہ دن بھر کے کام سے فارغ ہو کر اپنے اسسٹنٹ کو کل کے مقدمات کی تیاری کے بارے میں ہدایات دے رہے ہیں۔

ہمارا کارکن، انتظار کرتا ہے اور جونہی وہ فارغ ہوتے ہیں ان سے بات چیت شروع کرتا ہے۔ وہ ان کو پالیسی کی تفصیلات بتانا شروع کر سکتا ہے۔ پریمیئم کی رقم اور اضافی فوائد کی شمولیت سے پریمیئم میں اضافے کی توجیہ اور افادیت بھی بتا سکتا ہے۔ مگر یہ تخلیقی انداز نہیں ہوگا۔

ایڈووکیٹ صاحب کہتے ہیں ''میرے لئے 50 لاکھ کا موجودہ تحفظ کافی ہے۔'' ہمارا کارکن مسکرا کر کہتا ہے کہ میری خوش قسمتی ہے کہ میں ایک ذہین پیشہ ور سے مخاطب ہوں۔ آپ بیمہ زندگی کی اہمیت کے قائل ہیں اس سے آپ کی قدر ومنزلت میں میری نظر میں اضافہ ہو گیا ہے۔

موصوف مسکراتے ہیں، خود وکیل ہیں اس لئے دلیل کی اہمیت سے آگاہ ہیں۔

کہتے ہیں ''بھائی بہت شکریہ، مگر مزید بیمہ تحفظ کی کیا ضرورت ہے؟''

ہمارا کارکن، جناب آپ جہاں رہائش پذیر ہیں وہاں جائیدادوں کی مالیت کا کیا حال ہے؟

ایڈووکیٹ کہتے ہیں۔ ''یہ بہت اچھا سوال ہے۔ میں اپنے مکان کی قیمت تو بتانا نہیں چاہتا...... بہر حال یہ سمجھ لیں کہ میں نے جتنی قیمت میں یہ بنگلہ خریدا تھا اب اس سے ملتے جلتے مکان اس سے تین گنا قیمت پر خریدے اور بیچے جا رہے ہیں۔

آپ سمجھ گئے کہ کارکن انہیں کس طرف لا رہا ہے لیکن میں تو آپ کے تحفظ کو صرف دوگنا کرنا چاہ رہا ہوں۔'' وہ مسکراتے ہیں۔ اب مرحلہ آ گیا ہے تفصیلات بتانے کا۔ چنانچہ بات کا رخ اسی طرف مڑ جاتا ہے اور موصوف سوچ بچار کے بعد 30 لاکھ روپے کا مزید تحفظ حاصل کرنے کے لئے رضامند ہو جاتے ہیں۔ اور اس کے بعد وہی ہوتا ہے جو کسی پروپوزل کی تکمیل کے لئے آپ کرتے ہیں۔ اور ہاں، ہمارے نمائندے نے روائتی گفتگو کے ساتھ ساتھ لیپ ٹاپ پریزنٹیشن کا استعمال بھی کیا ہے جو ان کو حد برقرار رکھنے میں بے حد مددگار ثابت ہوئی ہے۔

ظاہر ہے یہ ایک مختصر سا خاکہ ہے۔ مکمل گفتگو اور پریزنٹیشن کی پوری تفصیلات کے بیان کی گنجائش نہیں ہے۔

مگر تخلیقی انداز پر کچھ روشنی ضرور ہوگی۔

## جناب افتخار احمد، جنرل منیجر (گروپ اینڈ پینشن) کی نئی کامیابی



جناب افتخار احمد، جنرل منیجر (گروپ اینڈ پینشن) نے حال ہی میں آئی بی اے کراچی سے ایس ای سی پی سے منظور شدہ سرٹیفائیڈ ڈائریکٹر (Certified Director) کا کورس کامیابی سے مکمل کیا۔

چارٹرڈ انشورنس انسٹیٹیوٹ لندن نے بھی اسی سال جناب افتخار احمد کو (Chartered Insurance Risk Manager) کا بھی حقدار قرار دیا ہے۔

ادارہ تحفظ جناب افتخار احمد جنرل منیجر (گروپ اینڈ پینشن) کو ان کی کامیابی پر مبارک باد پیش کرتا ہے۔

# Co-ordination is the Essence of Management

Many scholars view co-ordination as a separate function of management. Even Henry Fayol, father of modern management, included coordination amongst one of the elements of management. According to Henry Fayol, "To coordinate is to harmonize all the activities of a concern so as to facilitate its working and its success." Coordination is the balancing to keep together the team by ensuring a suitable allocation of tasks to various members and seeing that the tasks are performed with due harmony among the members.

According to Haimann, "Co-ordination is not a separate activity of management. It is the organ of all the managerial functions like planning, organizing, staffing, directing and controlling."

However, since co-ordination is all pervasive and permeates every function of management, it is better to consider co-ordination as the overall function or the essence of management. Co-ordination is the orderly synchronization of group efforts to foster timeliness, direction and cooperation in task execution. It results in harmonious and unified actions that accomplish stated objectives. Co-ordination deals with harmonizing the work relations and efforts at all levels for the common goal and purpose.

It is the process of bringing together various diverse elements into the harmonious whole. It means working together for the common goal by voluntary action. The whole idea of co-ordination is to adjust and reconcile individual efforts to make group efforts more effective and help in the achievement of common objectives.



Co-ordination is also described as the orderly arrangement of group efforts to provide unity of action in the pursuit of common goals. Co-ordination involves communication, supervision and direction by management.

It is the hidden force which binds all the other functions of management like planning, organizing and controlling.

When all activities are harmonized and synchronized, the organization will function better and it will influence the behavior of employees positively, which is why it is so important. Co-ordination therefore aims to stimulate motivation and discipline within the group dynamics for the winning edge; it is an implicit manifestation of all the functions of management, and has the inherent qualities to be truly referred to as the essence of management.

By: Kamran Channa
Manager PHS, Hyderabad zone

STATE LIFE
INSURANCE CORPORATION OF PAKISTAN

Tabaffuz

An in-house magazine of State Life Insurance Corporation of Pakistan (Only for Marketing Force)

November 2016

# State Life Welcomes the Delegation from National Institute of Managment (NIM) Quetta





